38230 ـ نماز مغرب کی کیفیت میں وتر پڑھنے کا حکم

سوال

تراویح کی مناسبت سے سوال ہے کہ بعض امام تین اکٹھے تین وتر دو تشھد اور ایک سلام کے ساتھ (بالکل مغرب کی طرح) پڑھاتے ہیں، تو کیا یسا کرنا صحیح ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے وتروں کی ادائیگی کئی ایک طریقوں سے ثابت ہے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک رکعت بھی ادا کی، تین اور پانچ رکعت بھی، اور سات اور نو رکعت بھی ادا کیں.

اور تین وتروں کو دو طریقوں کے ساتھ ادا فرمایا: یا تو تینوں کو ایک ہی تشھد کے ساتھ ادا کیا جائے (یعنی دوسری رکعت میں تشھد نہ بیٹھا جائے بلکہ آخری اور تیسری رکعت میں ہی تشھد بیٹھیں اور سلام پھییر دیں)، یا پھر دو رکعت پڑھ کر سلام پھیر دی جائے اور پھر ایک رکعت پڑھ کر سلام پھیری جائے.

اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اسے مغرب کی طرح ۔ دو تشھد اور ایک سلام کے ساتھ ۔ ادا نہیں فرماتے تھے، بلکہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کرنے سے منع کرتے ہوئے فرمایا:

" تم تین وتر مغرب کے مشابہت کرتے ہوئے ادا نہ کرو"

اسے حاکم نے (1 / 304) اور بیہقی (3 / 31) اور دارقطنی صفحہ (172) میں روایت کیا ہے، اور حافظ ابن حجر رحمہ اللہ تعالی فتح الباری میں کہتے ہیں:

اس کی سند شیخین کی شرط پر ہے.

دیکھیں: فتح الباری (4 / 301).

شیخ محمد صالح العثیمین رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں:

لہذا تین وتر بھی جائز ہیں، اور پانچ بھی اور سات بھی جائز ہیں، اور نو وتر بھی جائز ہیں.

اگر تین وتر ادا کیے جائیں تو یہ دو طریقوں کے ساتھ ادا ہونگے اور یہ دونوں طریقے ہی مشروع ہیں:

پہلا طریقہ:

ایك ہی تشھد کے ساتھ تینوں وتر ادا کیے جائیں.

دوسرا طریقہ:

دو رکعت ادا کر کے سلام پھیر دیا جائے اور پھر ایك ایك وتر ادا کیا جائے.

یہ دونوں طریقے سنت سے ثابت ہیں، اور اگر کوئی شخص ایك بار وہ طریقہ اختیار کر لے اور دوسری بار دوسرا طریقہ تو اس نے اچھا اور بہتر کام کیا.

اور ایك سلام کے ساتھ بھی ادا کرنے جائز ہیں، لیکن ایك ایك تشھد کے ساتھ ہو نہ کہ اس میں دو بار تشھد بیٹھا جائے؛ کیونکہ اگر وہ اکٹھی تین رکعتوں میں دو تشھد بیٹھتا ہے تو یہ مغرب کی نماز کے مشابہ ہو گا، اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے نماز مغرب کے مشابہ پڑھنے سے منع فرمایا ہے.

دیکھیں: الشرح الممتع (4 / 14 ـ 16).

مزید تفصیل دیکھنے کے لیے آپ سوال نمبر (26844) اور (3452) کے جوابات کا مطالعہ کریں، ان جوابات میں وتر کی ادائیگی کے متعلق بڑی لمبی تفصیل کے ساتھ کلام کی گئی ہے.

واللہ اعلم .